جس کی نقالی ہمارے بعض ترقی پسند جرائد نے محض "برائے جدت" کی تھی لیکن رچیل کو اس ترقی پسندی کی کیا ضرورت پیش آئی ـــــ ہمیں اس کا علم نہیں۔

اس ماہ نامے میں روس کے مشہور مفرور عہدے دار کراؤت شنکو کی کتاب "میں آزادی کو پسند کرتا ہوں" کا ترجمہ بالاقساط شائع ہو رہا ہے جس سے روس کی دفتری اور عوامی زندگی کا اصل نقشہ واضح ہو کر سامنے آتا ہے۔

عزم

مرتبین: محمد انور مسلم سرحدی، بشیر احمد ارشد، ظفر اللہ خاں۔

زیر نگرانی: اسلامی جمعیت طلبہ پاکستان۔

مقام اشاعت: نزد تھانہ گوالمنڈی، لاہور۔

چندہ سالانہ: پانچ روپے۔ فی پرچہ ۲ر۔

یہ ہفتہ وار جریدہ ان پرعزم طلبار کا جاری کردہ ہے جو پاکستان کے تخت پر اسلام کو حکمران دیکھنا چاہتے ہیں اور جن کی خواہش یہ ہے کہ انھیں ایسا نظام تعلیم میسر آئے جو انھیں اور ملت پاکستان کے تمام نوخیز فرزندوں کو اسلامی ذہنیت اور اسلامی سیرت سے آراستہ کر کے اس قابل بنا دے کہ وہ کل کے "اسلامی نظام" کے لئے اچھے لیڈر، اچھے کارکن، اچھے شہری اور اچھے سپاہی ثابت ہو سکیں۔

یہ صالح فطرت نوجوان اپنے جریدے کے ذریعے اپنے طرز فکر کو دوسرے طلبا تک پہنچانے اور اسلامی قدروں کو کالجوں اور اسکولوں میں ابھارنے کی کوشش کے علاوہ یہ بھی چاہتے ہیں کہ طلبہ کے حقوق ان کو دلوانے میں مدد کریں، ان کے مطالبات کو کارپردازانِ تعلیم تک پہنچائیں، ان کی تعلیمی اور دوسری مشکلات کو حل کریں اور ان کی ذہانت و قابلیت میں اضافہ کرنے کی مختلف تدبیریں اختیار کریں۔

عزم کے مضامین میں تنوع اور دلچسپی کے عناصر کو بڑھانے کے لئے ابھی اس کے مرتبین کو بہت کچھ کرنا ہے، تاہم یہ جریدہ اس حیثیت سے قدر کا مستحق ہے کہ یہ خود طلبا رہی کا مرتب کردہ ہے جن کی ابتدائی کوششیں آئندہ کے لئے خاصی امیدیں دلاتی ہیں۔ طلبا ء کے زیر اہتمام کالجوں کے جو میگزین وغیرہ عام طور پر شائع ہوتے ہیں ان میں جس طرح مغربیت کے جراثیم پھیلانے کی کوشش کی جاتی ہے سطحی قسم کی